ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

بسمہ معروف سیزن 23-2022 کے لیے قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان برقرار

لاہور، 12 مئی 2022ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے بسمہ معروف کو سیزن 23-2022 کے لیے قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان برقرار رکھنے کا اعلان کردیا ہے۔ اس سیزن کے دوران پاکستان کو اے سی سی ویمنز ٹی ٹونٹی ایشیا کپ اور آئی سی سی ویمنز ٹی ٹونٹی ورلڈکپ سمیت 25 میچز کھیلنے ہیں۔

سیزن کا آغاز رواں ماہ سری لنکا کے خلاف کراچی میں شیڈول تین ٹی ٹونٹی اور تین ون ڈے انٹرنیشنل میچز پر مشتمل سیریز سے ہوگا۔

جس کے بعد قومی خواتین کرکٹ ٹیم بیلفاسٹ آئرلینڈ روانہ ہوجائے گی، جہاں وہ میزبان آئرلینڈ اور ورلڈ چیمپئن آسٹریلیا کے خلاف سہ ملکی ٹی ٹونٹی سیریز میں شرکت کرے گی۔ یہ سیریز 12 سے 24 جولائی تک کھیلی جائے گی۔

سہ ملکی سیریز مکمل کرنے کے بعد قومی خواتین کرکٹ ٹیم بسمہ معروف کی قیادت میں برمنگھم روانہ ہوگی، جہاں اسے 25 جولائی سے 8 اگست تک شیڈول کامن ویلتھ گیمز میں شرکت کرنی ہے۔

آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈکپ 2022 کی طرح بسمہ معروف بیلفاسٹ اور برمنگھم بھی اپنی بیٹی اور والدہ کے ہمراہ روانہ ہوں گی۔ پی سی بی اپنی پیرنٹل اسپورٹ پالیسی کے تحت یہ اخراجات برداشت کرے گا۔

پھر اکتوبر میں آئر لینڈ کی ویمنز کرکٹ ٹیم کو پہلی مرتبہ پاکستان کا دورہ کرنا ہے۔ دورے میں تین ٹی ٹونٹی اور تین ون ڈے انٹر نیشنل میچز شامل ہوں گے۔ اس کے بعد قومی خواتین کرکٹ ٹیم کو اے سی سی ویمنز ٹی ٹونٹی ایشیا کپ میں شرکت کرنی ہو گی۔ اس کے فوری بعد پاکستان ویمنز ٹیم آسٹریلیا پہنچے گی، جہاں وہ آئی سی سی ویمنز ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ سے قبل میزبان ملک کے خلاف تین ٹی ٹونٹی اور تین ون ڈے انٹر نیشنل میچز کی سیریز کھیلے گی۔

بسمہ معروف، کپتان قومی خواتین کرکٹ ٹیم:

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان بسمہ معروف کا کہنا ہے کہ اپنے ملک کی قیادت کرنا کسی بھی کھلاڑی کے لیے اعزاز ہوتا ہے اور انہیں خوشی ہے کہ وہ اس عہدے پر کام جاری رکھیں گی۔ سیزن 23-2022 پاکستان ویمنز کرکٹ کا ایک مصروف ترین سیزن ہے اور تمام کھلاڑی اس سیزن میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے لیے بہت پرجوش ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اس سیزن میں شیڈول ہر میچ بہت اہمیت کا حامل ہے۔ سیزن میں شامل دوطرفہ ون ڈے انٹر نیشنل میچز پاکستان ویمنز ٹیم کی آئندہ آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ میں براہ راست رسائی کی صورتحال واضح کردیں گے جبکہ ٹی ٹونٹی انٹر نیشنل میچز قومی خواتین کرکٹ اسکواڈ میں شامل کھلاڑیوں کو فروری میں شیڈول آئی سی سی ویمنز ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ کی تیاریوں میں معاونت کریں گے۔

بسمہ معروف نے کہا کہ وہ اب تک اپنے کرکٹ کیریئر میں بھرپور تعاون کرنے اور اب فاطمہ کی پیدائش کے بعد ورک لائف توازن کو برقرار رکھنے پر پاکستان کرکٹ بورڈ کی بہت مشکور ہیں۔ ایک وقت آیا تھا کہ جب انہوں نے اپنے شوق کو چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا تھا مگر پاکستان کرکٹ بورڈ نے میٹرنٹی پالیسی متعارف کرواکے انہیں ایسا کرنے سے روکا اور اپنے شوق کی تکمیل میں ان کا بھرپور ساتھ دیا۔

انہوں نے کہا کہ وہ بھرپور اسپورٹ کرنے پر اپنے اہلخانہ خصوصاَ شوہر ابرار کی بھی بہت شکر گزار ہیں۔

تانیہ ملک، سربراہ ویمنز کرکٹ:

سربراہ ویمنز کرکٹ تانیہ ملک کا کہنا ہے کہ وہ قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی قیادت کی ذمہ داریوں پر برقرار رہنے پر بسمہ معروف کو مبارکباد پیش کرتی ہیں۔ وہ آن اور آف دافیلڈ اپنے طرز عمل کی بدولت دنیا بھر کی خواتین کے لیے ایک متاثر کن شخصیت کی حیثیت رکھتی ہیں۔ انہیں امید کہ قومی خواتین کرکٹ ٹیم بسمہ معروف کی زیر قیادت آئندہ سال بہترین نتائج دے گی۔

بسمہ معروف نے دسمبر 2006 میں 15 سال کی عمر میں بھارت کے خلاف ڈیبیو کیا تھا۔ وہ 5000 سے زائد انٹرنیشنل رنز بنانے والی پاکستان کی واحد خاتون کھلاڑی ہیں۔ انہیں 2016 میں قومی ٹی ٹونٹی ٹیم اور 2017 میں قومی ون ڈے انٹرنیشنل ٹیم کی کپتان مقرر کیا گیا تھا۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager – Media and Communications
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre

WASH HANDS THOROUGHLY | KEEP YOUR DISTANCE | AVOID CROWDED PLACES | WEAR A MASK | COUGH & SNEEZE INTO A TISSUE OR ELBOW | STAY HYDRATED | STAY AT HOME IF YOU FEEL ILL

Commercial Partners

pepsi | TCL | PARKVIEW CITY

Broadcast & Live Streaming Partners

Daraz | SuperSport | FLOW SPORTS | sky SPORT | sky sports | WILLOW

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial